# قرآن کی تعلیمات سے دوری خاندان میں کشیدگی وتنازعات کی وجہ



ڈاکٹر شجاعت حسین

موجودہ دور میں اگر ہم خاندانی مسائل پر بات کریں تو شاید و باید میں کوئی ایسا گھر ہوگا جو خانہ جنگی، کشیدگی و تنازعات کا شکار نہ ہو، جس کے ساکنین باہمی اختلاف کی زد میں نہ ہوں اور بالیقین یہی خانہ جنگی اور آپس میں لڑائی جھگڑے، ہمارے گھر اور خاندان کی نشوونما فلاح و بہبود اور ترقی میں مانع ہوتے ہیں۔

اس حقیقت سے کم انکار کرسکتا ہے کہ قرآن کریم امت محمدیہ کے لیے صبح قیامت تک ہدایت کا سرچشمہ اور مشعل راہ ہے۔ یہ مقدس کتاب اللہ رب العزت کی طرف سے عطا کردہ ایک ضابطہ حیات ہے جس میں انسان کے لیے ہر پہلو پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس ضابطے حیات پر جس نے عمل کیا وہ دنیا وآخرت میں کامیاب وسرخرو ہوا۔

اس مقدس کتاب میں جہاں ایک طرف حلت وحرمت، پند و نصائح جیسی وہ تمام چیزیں ہیں جن پر عمل کرکے انسان ایک سچا مسلمان بن کر سرمدی سے بہرہ ور ہوسکتا ہے تو وہیں دوسری طرف اس محکم تنزیل میں حقوق انسانی کے حوالے سے بھی بے شمار ارشادات و توجیہات ہیں جن پر انسان اگر کما حقہ گامزن ہو جائے تو وہ عدل و انصاف کا پیکر اور سماج میں ایک اعلیٰ مقام حاصل کر سرفراز ہوسکتا ہے۔

خاندان میں پائے جانے والے عام جھگڑوں، تنازعات، کشیدگی اور دوریوں کو دیکھتے ہوئے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ ہم جائزہ لیں کہ ہم قرآن مجید کی تعلیمات سے کتنے دور ہو چکے ہیں اور کتنا ان سے قریب یا وابستہ ہیں۔ آیئے قرآن کی ان تعلیمات کا مطالعہ کریں جو خاندان کے بارے میں ہیں، کیونکہ خاندان اسلامی سماجی ڈھانچے کا بنیادی ستون ہے۔ قرآن خاندان کو رحمت، باہمی احترام اور اخلاقی ذمہ داری پر قائم ایک ادارہ قرار دیتا ہے۔ قرآن کے نزدیک خاندان محض ایک حیاتیاتی یا قانونی اکائی نہیں، بلکہ ایک روحانی شراکت ہے جس میں افراد ایک دوسرے کی شخصیت، ایمان اور ہمدردی کو نکھارنے میں مدد دیتے ہیں۔ خاندانی زندگی میں پیدا ہونے والے بگاڑ کی وجوہات کو سمجھنے کے لیے نکاح، والدین اور اولاد کے تعلقات، رشتہ داروں کے حقوق، سماج و پڑوسی کے حقوق اور وہ اقدار جن سے خاندان جڑا رہتا ہے، ان سے متعلق آیات کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

آج کی مصروفیت زندگی میں آسان راستہ اپنایا جا رہا ہے حالانکہ وہ غیر انسانی، اخلاقی اور تہذیبی وقرآنی ہے۔ آپ دیکھیں بغیر نکاح کے ساتھ رہنا شروع کردیا ہے جو برائی کی وجہ ہے۔

نکاح کو قرآن سکون، محبت اور مودّت پر مبنی رشتہ قرار دیتا ہے۔ قرآن میاں بیوی کے درمیان نرمی، صبر اور تعاون جیسی صفات پر زور دیتا ہے اور انہیں ایک دوسرے کی عزت اور جذباتی بھلائی کی حفاظت کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ گھریلو معاملات میں انصاف، شفافیت اور باہمی مشورے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ والدین کے کردار کو برتری کے بجائے ذمہ داری کے طور پر بیان کیا گیا ہے، جہاں والدین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ نرمی کے ساتھ رہنمائی کریں اور اولاد کو شکر گزاری، احترام اور خدمت کی ترغیب دی گئی ہے۔ قرآن بار بار والدین، خصوصاً بڑھاپے میں، ان کی عزت اور خدمت کا حکم دیتا ہے اور کسی بھی قسم کی سختی یا غفلت کی مذمت کرتا ہے۔

قریبی خاندان کے علاوہ، قرآن رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات مضبوط رکھنے کی بھی تلقین کرتا ہے۔ رشتہ داروں کی مدد کرنا، مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینا اور انصاف وہمدردی کے ساتھ اختلافات کو حل کرنا عبادت کے درجے میں شمار کیا گیا ہے۔ یہ تحریر خاندانی زندگی میں اخلاقیات جیسے سچائی، اعتدال اور ایسے رویّوں سے اجتناب کی اہمیت پر روشنی ڈالتی ہے جو ہم آہنگی کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

ان نکات کے تجزیے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ قرآن خاندان کو ایک متوازن اور رحم دل معاشرے کی بنیاد تصور کرتا ہے۔ اس کی ہدایات جذباتی استحکام، سماجی ذمہ داری اور اخلاقی نشوونما کو فروغ دیتی ہیں، جس سے خاندانی زندگی صرف ایک ذاتی معاملہ نہیں بلکہ اجتماعی فلاح کا اہم جز بن جاتی ہے۔

ہم شروع سے اپنے بچوں کو یہ کیوں نہیں سکھاتے کہ والدین کی خدمت کو اپنے لیے اعزاز سمجھیں؟

قرآن مجید کی وہ آیت، جسے ہم اکثر تلاوت کرتے ہیں، آپ کے سامنے ہے:

"اور تمہارے رب نے حکم دیا ہے کہ تم اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرو۔ اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے پاس بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اُف تک نہ کہو، نہ انہیں جھڑکو، بلکہ ان سے نرم اور باعزت بات کرو۔"

قرآن کی عظمت، بلندی اور کمال کو پہچانیں۔ قرآنِ مجید اللہ تعالیٰ کا عالمگیر، بے مثال اور الٰہی کلام ہے۔ یہ انسانی زندگی کے لیے مکمل رہنمائی اور طرزِ حیات کا نمونہ ہے، جس کی ہر آیت کردار سازی کا ایک سنگِ میل ہے۔ قرآن صرف تلاوت یا آواز کے اعتبار سے معجزہ نہیں بلکہ اپنے پیغام اور اندازِ بیان میں بھی معجزہ ہے۔ اس کے الفاظ میں پوشیدہ معانی کی گہرائی اسے ایک لازوال اور آفاقی معجزہ بناتی ہے۔ یہ قرآن 23 برس کے عرصے میں تاجدار انبیاء ﷺ کے قلبِ مبارک پر نازل ہوا اور آج بھی ہدایت کا سرچشمہ ہے اور قیامت تک رہے گا۔

قرآن انسان کے کردار کو سنوارتا ہے، اس کی صفات کو نکھارتا ہے اور اس کے ذہن اور مزاج کو شعور اور ارتقا کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ قرآن بعض شخصیات کا ذکر کرتا ہے جن کی زندگیاں بچوں کے لیے دنیا اور آخرت دونوں میں نجات کا ذریعہ بن سکتی ہیں۔ قرآن میں معصوم اور غیر معصوم دونوں کا ذکر ملتا ہے۔ ان اہم موضوعات میں والدین کا ذکر خاص طور پر قابلِ توجہ ہے، جن کے بارے میں خالقِ کائنات فرماتا ہے: "تمہارے رب نے حکم دیا ہے کہ تم اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ احسان کرو۔" اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت کے ساتھ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کو جوڑ دیا ہے۔ علماء نے لفظ "احسان" کے معنی نہایت خوبصورتی اور وضاحت کے ساتھ بیان کیے ہیں۔

علماء اور خطباء نے والدین کی عظمت بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی سب سے معزز مخلوق یعنی انسان کی توجہ والدین کی اہمیت کی طرف اس طرح دلائی کہ اپنے نام کے فوراً بعد والدین کا ذکر فرمایا۔ سچے رب کے بعد "پرورش کرنے والے رب" یعنی والدین کا ذکر آیا۔ ہمیں والدین کی قدر صرف ان کے انتقال کے بعد نہیں بلکہ ان کی زندگی میں کرنی چاہیے۔ یہ دنیا عارضی اور مختصر ہے اور ہمیں آخر کار آخرت میں حاضر ہونا ہے، اس لیے دنیا کی اس مختصر زندگی کو ایک موقع سمجھنا چاہیے۔ والدین کی خدمت کریں، دنیا میں عزت کمائیں اور اپنی آخرت کو سنواریں۔ بچوں کو چاہیے کہ وہ والدین کو عظیم نعمت سمجھیں اور ان کی خدمت کو اپنے لیے اعزاز جانیں۔

قرآنِ مجید کی آیات خاندانی زندگی سے متعلق ہیں۔ فکر، علم، حکمت اور عقل کے ساتھ یہ آیات خاندانی زندگی کے اُن پہلوؤں کو اجاگر کرتی ہیں جو پُرامن اور محبت بھرے تعلقات کی بنیاد بنتے ہیں۔ قرآن خاندان کے افراد کے باہمی برتاؤ کے بارے میں تفصیلی رہنمائی فراہم کرتا ہے، اور یہی تعلیمات ایک مضبوط اور متوازن معاشرے کی بنیاد ہیں۔ قرآن صرف قوانین پر زور نہیں دیتا بلکہ خاندان کے اندر نرمی، احترام، صبر اور ذمہ داری جیسے رویّوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

کئی آیات نکاح کو سکون اور جذباتی سہارا قرار دیتی ہیں۔ میاں بیوی کو ایک دوسرے کا لباس کہا گیا ہے، جو ایک دوسرے کی عزت کی حفاظت کرتے اور محبت واطمینان فراہم کرتے ہیں۔ انصاف، باہمی خیال اور پُرامن طریقے سے اختلافات حل کرنے پر زور دینے والی آیات اس بات کو واضح کرتی ہیں کہ قرآن میاں بیوی کے رشتے کو مضبوط بنانا چاہتا ہے۔

قرآن کی آیات اگر بچوں کو اپنے والدین کی خدمت کرنے پر متوجہ کرتا تو وہیں والدین کو بھی ہدایت دیتا ہے کہ وہ اپنی اولاد کی تربیت محبت، اچھے اخلاق اور سچی رہنمائی کے ساتھ کریں۔


آیات میں رشتہ داروں کی مدد، ان کے ساتھ احترام سے پیش آنے اور اختلاف پیدا کرنے والے اعمال سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے۔ خاندانی رشتوں کو مضبوط رکھنا روحانی اجر اور سماجی استحکام کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔

ان آیات کی وضاحت سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ قرآن خاندان کو ایک اخلاقی اور رحم دل معاشرے کی بنیاد سمجھتا ہے۔ اس کی تعلیمات محبت، توازن اور باہمی تعاون کو فروغ دیتی ہیں اور صحت مند اور پُرامن خاندانی زندگی کے لیے لازوال رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔

خاندان کو کشیدگی وتنازعات سے محفوظ رکھنے کے لیے قرآن کریم کی تعلیمات پر عمل کرنا لازمی ہے۔

موبائل 7080888223

☆☆☆☆



قریبی خاندان کے علاوہ، قرآن رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات مضبوط رکھنے کی بھی تلقین کرتا ہے۔ رشتہ داروں کی مددکرنا، مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینا اور انصاف وہمدردی کے ساتھ اختلافات کو حل کرنا عبادت کے درجے میں شمار کیا گیا ہے۔ یہ تحریر خاندانی زندگی میں اخلاقیات جیسے سچائی، اعتدال اور ایسے رویّوں سے اجتناب کی اہمیت پر روشنی ڈالتی ہے جو ہم آہنگی کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

# شعائرِ اسلام پر حملہ یا اخلاقی دیوالیہ پن؟

مسعود محبوب خان (ممبئی)

انسانی تاریخ کا سب سے پہلا اور بنیادی سبق یہی ہے کہ انسان محض جسم کا نام نہیں، بلکہ حرمت، وقار اور امانتِ الٰہی کا حامل وجود ہے۔ آسمانی ہدایات ہوں یا انسانی ضمیر کی آواز دونوں اس حقیقت پر متفق ہیں کہ کسی انسان کی تذلیل دراصل پوری انسانیت کی توہین ہے۔ قرآنِ کریم کا اعلان ہے، انسان کو عزت وکرامت عطاء کی گئی ہے، بلا امتیازِ مذہب، نسل، جنس اور تہذیب۔ یہی اصول انسانی حقوق کی بنیاد بھی ہے اور سماجی انصاف کی روح بھی۔ اسلام عورت کو کمزور یا تابع نہیں، بلکہ باوقار، محفوظ اور صاحبِ اختیار ہستی کے طور پر پیش کرتا ہے۔ حجاب اسی وقار کی علامت ہے۔ ایک مذہبی حکم بھی اور ذاتی آزادی کا اظہار بھی۔ یہ عورت کے اس حق کی علامت ہے کہ وہ اپنے جسم، اپنی شناخت اور اپنی موجودگی کے بارے میں خود فیصلہ کرے۔ چنانچہ حجاب پر دست درازی محض ایک مذہبی علامت پر حملہ نہیں، بلکہ عورت کے اس بنیادی انسانی حق کی نفی ہے جسے تمام مہذب معاشرے تسلیم کرتے ہیں۔

دینی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو کسی عورت کی عزت پر ہاتھ ڈالنا، خواہ وہ زبان سے ہو یا عمل سے، ظلمِ عظیم ہے۔ نبی کریم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر جس عالمگیر منشورِ انسانیت کا اعلان فرمایا، اس میں جان، مال اور عزت تینوں کو حرمتِ کعبہ سے تشبیہ دی گئی۔ یہ پیغام صرف مسلمانوں کے لیے نہیں، بلکہ پوری انسانیت کے لیے تھا۔ اسی طرح انسانی اخلاقیات بھی اس بات پر متفق ہیں کہ طاقت، عہدہ یا اکثریت کسی کو یہ حق نہیں دیتی کہ وہ دوسرے کی حرمت پامال کرے۔

زیرِ نظر واقعہ اور اس پر ہونے والے بیانات اسی اخلاقی زوال کی نشاندہی کرتے ہیں جہاں مذہبی تعصب، سیاسی طاقت اور صنفی بے حسی ایک دوسرے سے گٹھ جوڑ کر لیتے ہیں۔ یہ وہ مقام ہے جہاں مسئلہ صرف حجاب یا ایک مخصوص خاتون کا نہیں رہتا، بلکہ عورت کی مجموعی سلامتی، اقلیتوں کے تحفظ اور سماج کے اخلاقی ڈھانچے کا بن جاتا ہے۔ جب ایسے افعال کو معمولی قرار دیا جائے، اور ان پر خاموشی یا تائید اختیار کی جائے، تو یہ خاموشی خود ایک جرم کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔

یہ تمہید اس احساس کے ساتھ قلم بند کی جا رہی ہے کہ اگر ہم نے اس انحراف کو صرف سیاسی تنازع سمجھ کر نظر انداز کیا تو ہم دینی اقدار ہی نہیں، انسانی قدروں سے بھی دست بردار ہو جائیں گے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم ایمان، اخلاق اور انسانیت تینوں کے مشترکہ محاذ سے اس سوچ کا محاسبہ کریں جو عورت کی عزت، مذہبی شناخت اور انسانی وقار کو نشانہ بنا رہی ہے۔ کیونکہ کسی ایک کی حرمت مجروح ہونا دراصل ہم سب کے ضمیر کا امتحان ہے، اور اس امتحان میں ناکامی تاریخ کے صفحات پر کبھی معاف نہیں کی جاتی۔ یہ واقعہ محض ایک فرد کی لغزش یا وقتی بدحواسی کا مظہر نہیں، بلکہ اس گہرے اخلاقی، فکری اور تہذیبی بحران کی علامت ہے جس سے آج ہمارا اجتماعی شعور دوچار ہے۔ المیہ یہ ہے کہ جس شخص کا نام لیا جا رہا ہے وہ محض ایک عام شہری نہیں بلکہ ایک آئینی منصب پر فائز ہے، ایسا منصب جو وقار، ضبطِ نفس اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کا تقاضا کرتا ہے۔ جب اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھا ہوا شخص خود تہذیب وشائستگی کی سرحدوں کو پامال کرے تو یہ محض ایک ذاتی فعل نہیں رہتا، بلکہ پورے سماج کے لیے ایک خطرناک نظیر بن جاتا ہے۔

ایک مسلم خاتون، وہ بھی ایک تعلیم یافتہ ڈاکٹر، کے حجاب کو نوچنے جیسی حرکت کو اگر کوئی محض معمولی واقعہ سمجھتا ہے تو یہ سوچ خود ایک سنگین بیماری کی علامت ہے۔ حجاب یہاں صرف ایک کپڑا نہیں، بلکہ شناخت، اختیار، خودمختاری اور وقار کی علامت ہے۔ اس پر ہاتھ ڈالنا دراصل اس عورت کے ذاتی دائرۂ احترام کو پامال کرنا ہے، اور اس کے ذریعے ہر اس عورت کی توہین ہے جو اپنے لباس، اپنی تہذیب اور اپنی اقدار کے مطابق جینا چاہتی ہے۔ خواہ اس کا تعلق کسی بھی مذہب یا طبقے سے ہو۔ یہ کہنا کہ "صرف برقعہ ہی تو کھینچا گیا ہے" اور پھر اس سے بھی آگے بڑھ کر "گر کہیں اور ہاتھ لگ جاتا تو کیا ہوتا" جیسا جملہ محض غیر ذمہ دارانہ بیان نہیں، بلکہ اجتماعی ضمیر پر ایک کاری ضرب ہے۔ یہ زبان عورت کو انسان نہیں بلکہ ایک شے کے طور پر دیکھنے کی عکاس ہے، اور یہی وہ ذہنیت ہے جو جنسی تشدد، ہراسانی اور عورت کی بے حرمتی کو معمول بنا دیتی ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ اس طرح کے بیانات ایک وزیر کی زبان سے ادا ہو رہے ہیں، یعنی وہ شخص جو قانون، اخلاق اور عوامی اعتماد کا امین سمجھا جاتا ہے۔

اس پورے منظرنامے میں سب سے تشویش ناک پہلو یہ ہے کہ ایسے افعال اور بیانات کو نہ صرف نظر انداز کیا جا رہا ہے بلکہ بعض حلقوں میں ان کی تائید بھی کی جا رہی ہے۔ یہ تائید دراصل اس حقیقت کی تصدیق ہے کہ اسلاموفوبیا اب محض ایک تعصب نہیں رہا، بلکہ ایک منظم ذہنی کیفیت، ایک اجتماعی سحر کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ اس سحر میں مبتلا ہو کر شعائر اللّٰہ، شعائرِ اسلام اور مسلمانوں کی ایمانی شناخت کو نشانہ بنانا قابلِ فخر کارنامہ سمجھا جانے لگا ہے۔ سوال یہ نہیں کہ ایک خاص مذہب یا ایک خاص طبقہ کیوں نشانے پر ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ ہم بحیثیتِ قوم کس سمت جا رہے ہیں۔ جب حجاب سے نفرت، داڑھی سے چڑ، اذان سے کوفت اور مذہبی شناخت سے دشمنی کو قوم پرستی کا نام دیا جائے تو سمجھ لینا چاہیے کہ فسطائیت اپنے پورے جوبن پر ہے۔ ایسی فضاء میں قانون کمزور پڑ جاتا ہے، اخلاق دم توڑ دیتا ہے اور طاقتور کے لیے ہر زیادتی مباح ہو جاتی ہے۔

یہ طرزِ فکر ملک کو کسی روشن مستقبل کی طرف نہیں، بلکہ ایک اندھی کھائی کی طرف دھکیل رہا ہے۔ ایسی کھائی جہاں عورت غیر محفوظ، اقلیت خوف زدہ اور اکثریت اخلاقی زوال کا شکار ہوتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اس روش کو محض سیاسی اختلاف کے طور پر نہ دیکھیں، بلکہ ایک فکری و تہذیبی انحراف سمجھ کر اس کے خلاف آواز بلند کریں۔ کیونکہ آج اگر حجاب نوچا جا رہا ہے تو کل کسی اور کی شناخت، کسی اور کی حرمت اور کسی اور کا وقار پامال ہوگا۔ خاموشی اس ظلم کی شریک ہوتی ہے، اور تاریخ گواہ ہے کہ ایسی خاموشیاں قوموں کو لے ڈوبتی ہیں۔

یہ واقعہ ہمیں محض وقتی غصّے یا جذباتی ردِّعمل پر چھوڑ دینے کے لیے نہیں، بلکہ اپنے اجتماعی ضمیر کو جھنجھوڑنے اور اپنے فکری قبلے کی ازسرِنو تعیین کے لیے سامنے آیا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب ظلم کو معمول، بے حیائی کو جرأت، اور تعصب کو حبُّ الوطنی کا نام دے دیا جائے تو پھر سماج کے زوال کا آغاز ہو جاتا ہے۔ ایسے لمحوں میں خاموش رہنا دانش مندی نہیں، بلکہ آنے والی نسلوں کے حق میں بدترین خیانت کے مترادف ہوتا ہے۔ دینی نقطۂ نظر سے یہ حقیقت بالکل واضح ہے کہ عزّت وحرمت اللّٰہ کی عطاء ہے، کسی حکومت، کسی اکثریت یا کسی منصب دار کی بخشش نہیں۔ جو شخص کسی عورت کی عزّت پر ہاتھ ڈالتا ہے، وہ دراصل حدودِ الٰہی کو پامال کرتا ہے۔ اور جو اس فعل کو معمولی قرار دیتا ہے یا اس پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے، وہ ظلم میں عملاً شریک ہو جاتا ہے۔ قرآن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ظلم صرف تلوار یا لاٹھی سے نہیں ہوتا، بلکہ زبان، رویے اور خاموشی سے بھی ہوتا ہے۔

انسانی نقطۂ نظر سے بھی یہ لمحہ احتساب کا ہے۔ عورت کی عزّت، مذہبی شناخت کا احترام اور شہری آزادیوں کا تحفظ کسی ایک طبقے کا مسئلہ نہیں، بلکہ پورے سماج کی اخلاقی صحت کا پیمانہ ہے۔ جس معاشرے میں عورت اپنے لباس کی وجہ سے غیر محفوظ ہو، وہاں کوئی بھی محفوظ نہیں رہتا۔ آج اگر حجاب نشانہ ہے تو کل کسی اور کی تہذیب، کسی اور کی زبان اور کسی اور کا وجود ہدف بنے گا۔ تعصب کبھی ایک دروازے پر رک کر مطمئن نہیں ہوتا۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اقتدار عارضی ہے، مگر کردار دائمی۔ تاریخ تخت وتاج رکھنے والوں کو نہیں، بلکہ عدل و انصاف کی پاسداری کرنے والوں کو یاد رکھتی ہے۔ جو لوگ آج نفرت، تضحیک اور تذلیل کی سیاست کو فروغ دے رہے ہیں، وہ شاید وقتی طور پر طاقتور دکھائی دیں، مگر تاریخ کے کٹہرے میں ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہوگی، سوائے ندامت کے۔

اس لیے یہ تحریر محض احتجاج نہیں، بلکہ تذکیر ہے۔ ان سب کے لیے جو ایمان کا دعویٰ رکھتے ہیں، اور ان سب کے لیے بھی جو انسانیت پر یقین رکھتے ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم عورت کی عزّت، مذہبی آزادی اور انسانی وقار کے تحفظ کو اپنا مشترکہ اخلاقی فریضہ سمجھیں۔ اگر آج ہم نے سچ کا ساتھ نہ دیا، اگر آج ہم نے ظلم کے خلاف آواز نہ اٹھائی، تو کل ہمارے پاس پچھتاوے کے سوا کچھ نہ بچے گا۔ آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ قومیں نعروں سے نہیں، اقدار سے زندہ رہتی ہیں۔ اور جب اقدار پامال ہونے لگیں تو خاموشی نہیں، جرأتِ حق درکار ہوتی ہے۔ یہی دینی غیرت ہے، یہی انسانی شرافت، اور یہی تاریخ کے سامنے سرخرو ہونے کا واحد راستہ ہے۔

☆☆☆☆☆

# مذہب والحاد پر علمی مباحثہ: ہیجان انگیزی یا راہِ فہم



محمد کفیل

ہر عہد میں مذہب و الحاد اور عقلیت و روحانیت کے مباحث ہمیشہ زندہ رہے ہیں، بس وقت کے ساتھ ان کی نوعیت بدلتی رہی ہے۔ آج جب کہ رائے سازی کے ذرائع انتہائی جذباتی ہوتے جا رہے ہیں، ہر اختلاف کو معرکۂ ناتمام بنایا جا رہا ہے، اور علمی گفتگو کی جگہ طنز وطعن اور سوشل میڈیا کے شوریدہ شور نے سنبھال لی ہے، ایسے وقت میں اگر اکیڈمک انداز میں کسی سنجیدہ فکری مکالمے اور مباحثے کا آغاز ہو تو وہ یقیناً خوش آئند ہو سکتا ہے۔

اسی پسِ منظر میں 20 دسمبر کو مفتی شمائل ندوی اور جاوید اختر کے درمیان "Does God Exist" کے عنوان سے جو علمی نشست طے پائی ہے، وہ ایک مقابلہ یا جذباتی آویزش کے بجائے وہ علمی روایت محسوس ہوتی ہے جسے علمی مباحثہ اور فکری تبادلۂ خیال کہا جاتا ہے۔ کیوں کہ اس نشست میں طبع آزمائی کے بجائے فریقین کی جانب سے بکریم استدلال کی زبان بولے جانے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔

اس نشست کی اہمیت اس لیے ہے کہ جاوید اختر کا زاویۂ نظر مذہب کے حوالے سے حد درجہ تنقیدی بلکہ اکثر مواقع پر طنزیہ رہا ہے، جو مذہبی حلقوں میں فطری بے چینی پیدا کرتا ہے۔ دوسری جانب مذہبی طبقے کے بعض افراد بھی کبھی غیر سائنٹیفک یا غیر مدلل تعبیرات کے ذریعے مذہب کا دفاع کرتے ہیں، جس سے جدید ذہن کو بدگمانی لاحق ہوتی ہے۔ ایسی فضا میں اگر دونوں اطراف کے نمائندے مہذب، سنجیدہ اور دلیل پر قائم علمی ماحول میں روبرو گفتگو پر آمادہ ہوں تو یہ خود سماج کے فکری شعور کے لیے خوش آئند اشارہ ہے۔

ہمارے معاشرے میں مذہبی مباحث کا عمومی مزاج یا تو یک طرفہ خطابت ہوتا ہے یا پھر اظہارِ رائے کے نام پر مذہب کی تمسخرانہ تحقیر، ان دونوں میں سے کوئی بھی علمی روایت کا نمائندہ نہیں۔ جاوید اختر جب عوامی فورمز پر مذہب کے تعلق سے غیر ضروری حد تک طنزیہ باتیں کرتے ہیں تو ان کی شہرت، شناخت اور اثر انگیزی کے سبب وہ طنز براہِ راست مذہبی حلقوں کے دل پر چبھتا ہے۔ اس کا ایک فطری ردِّعمل اضطراب اور ناراضگی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اختلاف کا بہترین جواب خاموش ناراضگی، ردِّعمل یا سوشل میڈیا کی مہمات ہیں؟ یا اس کا بہتر متبادل یہ نہیں کہ ایسے افکار کا سامنا اکیڈمک انداز سے علمی ماحول میں کیا جائے، جہاں الزامات کی جگہ دلائل اور تحقیر کی جگہ تحقیق ہو؟

اس تناظر میں یہ علمی نشست محض ایک سنسنیشنل ایونٹ نہیں، بلکہ عقل ونقل کے درمیان تعلق کو نئی سطح پر سمجھنے کی ایک کوشش ثابت ہوسکتی ہے۔

اس علمی مباحثہ کی ایک جہت یہ بھی ہے کہ یہ علمِ کلام کی اس روایت کا نیا منظر نامہ ہے جو مسلم فکری تاریخ میں ہمیشہ موجود رہی ہے۔ اسلامی روایت میں عقل اور وحی کے باہمی تعلق پر ہونے والی گفتگو محض دفاعی کبھی نہیں رہی، اس نے اپنے وقت کے غالب فکری سوالات کا ہمیشہ نہ صرف سامنا کیا ہے، بلکہ مدلل جوابات بھی دیے ہیں۔ معتزلہ، اشاعرہ اور بعد کے متکلمین نے جس سنجیدگی سے وجودِ باری تعالیٰ، اخلاقی اقدار اور انسانی اختیار جیسے موضوعات پر بحث کی، وہ اس بات کی دلیل ہے کہ مذہبی فکر جامد نہیں بلکہ فکری ارتقا سے ہمیشہ ہم آہنگ رہی ہے۔ یہ نشست اگر اُسی علمی روایت کو جدید Epistemological سوالات وجوابات کے ساتھ جوڑنے میں کامیاب ہوتی ہے تو یہ محض ایک مباحثی نشست نہیں، بلکہ اُسی فکری تاریخ کا ایک نیا باب ہوسکتی ہے۔

یہاں یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ مباحثہ کا مقصد ہرگز یہ نہیں کہ کوئی ایک فریق دوسرے کو شکست دے، یا ایک دوسرے کے جوابات پر تالیاں بجائی جائیں۔ اس مباحثہ کے پسِ پردہ یہ بنیادی محرک بتایا گیا ہے کہ دونوں نقطۂ نظر اپنے اپنے استدلال کو مہذب، سنجیدہ اور مدلل انداز میں پیش کریں، اور ان سوالات کو سامنے لائیں جن پر آج کی نسل الجھی ہوئی ہے۔ خدا کے وجود، وحی کی حقیقت، اخلاقیات کی بنیاد، روحانیت کی معنویت، انسانی شعور کے ماخذ اور مذہب کے فطری تقاضوں جیسے سوالات ہر زمانے میں اٹھائے جاتے رہے ہیں۔ ان سوالات کا اٹھایا جانا، اور اِنکے علمی، تحقیقی جوابات تک رسائی کی کوشش اپنے اندر خیر رکھتی ہے، بشرطیکہ ان پر علمی گفتگو کی جائے، نہ کہ انہیں فکری جنگ کا عنوان بنا دیا جائے۔

کچھ ناقدین کا اس نشست کو اس بناء پر غیر ضروری قرار دینا کہ جاوید اختر نے ماضی میں مذہبی عقائد پر ہتک آمیز جملے کہے، لہٰذا ان کے ساتھ یہ نشست دراصل ان کی اہمیت بڑھانے کے مترادف ہے۔ لیکن اس زاویے سے سوچنا ایک تنگ دائرہ کھینچ لینے کے قائم مقام ہے۔ علمی روایت کا اصول یہ ہے کہ اختلاف رکھنے والوں سے ہی گفتگو ہوتی ہے مباحثہ وہیں ہوتا ہے جہاں تضاد اور زاویۂ نظر کا اختلاف واضح ہو۔

ایک طرف مذہبی طبقہ ہمیشہ دینی ظرف کے ساتھ سوالات کی طرف متوجہ ہوتا ہو ایسا بھی نہیں ہے۔ کئی بار کچھ مذہبی شخصیات نے بھی سوال اٹھانے والوں کو بدگمانی، ضعفِ ایمان یا گستاخی سے تعبیر کیا ہے۔ اس مزاج نے نوجوانوں میں ایک حد تک مذہب سے برگشتگی پیدا کی، کیونکہ ان کے سوالات کا علم ومنطق اور سائنٹفک شعور کے ساتھ مدلل جواب کی جگہ جذباتی گفتگو کی گئی۔ اب اس نشست کی یہ ایک خوبی ہوسکتی ہے کہ مذہبی فکر اپنے وقار اور علمی وزن کے ساتھ جدید الحادی سوالات کا سامنا کرے گی اور جہاں سوال وجواب کا حوصلہ ہو، وہاں ہمیشہ فکری بالیدگی پروان چڑھتی ہے۔

دوسری طرف جاوید اختر جیسے مفکرین کے لیے بھی یہ موقع ہے کہ وہ مذہب کو محض طنز وتشنیع کے زاویہ سے دیکھنے کے بجائے ایک ایسی فکری روایت کے طور پر بھی سمجھیں جو صدیوں سے منطقی تفکر، فلسفیانہ استدلال اور تہذیبی شائستگی کے ساتھ دنیا کی فکری تشکیل میں شریک رہی ہے۔ مذہب پر تنقیدی زاویہ ہوسکتا ہے، مگر تب جب وہ سطحیت کے بجائے مطالعہ، استدلال اور سنجیدگی پر قائم ہو۔ شاید اس گفتگو کے بعد وہ خود بھی مذہب کو ایک فکری زاویے سے دیکھنے پر آمادہ ہوں۔

آج کے معاشرتی ماحول میں جہاں مذہبی انتہاپسندی اور الحادی تحقیر دونوں بیک وقت موجود ہیں، اگر جاوید اختر جیسے افراد کھلے ماحول میں مذہب کی بنیادوں پر سوال اٹھا سکتے ہیں، تو مذہبی علما کو بھی اس کا حق حاصل ہے کہ وہ ان سوالات کا جواب فہمِ دین کی روشنی میں دیں۔ یہ گفتگو ان لوگوں کے لیے بھی مفید ہے جو مذہب سے جذباتی تعلق رکھتے ہیں لیکن علمی دلائل سے کم واقف ہیں، اور ان نوجوانوں کے لیے بھی جو مذہب کو محض رسم وروایت کے کارخانے میں دیکھتے دیکھتے تشکیک کے شکار ہو جاتے ہیں۔

جن لوگوں کو یہ خدشہ ہے کہ ایسے مباحثوں سے مذہب کا وقار مجروح ہوگا، انہیں یہ سمجھنا چاہیے کہ مذہب کی علمی روایت صدیوں پر مشتمل ہے۔ مذہب کا وقار کسی فرد کے بیان سے مجروح نہیں ہوتا، نہ کسی کی رائے سے اس کی بنیادیں کمزور ہوتی ہیں۔ درحقیقت مذہبی افکار کو وہ رویے کمزور کرتے ہیں جو اسے دلیل اور تحقیق کے بجائے محض جذبات کا حوالہ بنا دیتے ہیں۔

یہ بھی یاد رکھنا لازمی ہے کہ دین ودنیا، عقل ونقل، ایمان و استدلال کو مذہب اور سائنس کے دو خانوں میں تقسیم کرکے متضاد زاویے سے ایسی تشریح کرنا جو ایک کو دوسرے کا بالکلیہ مخالف بنا دے یہی علمی سطحیت اور فکری جہالت ہے۔ مذہبی فکر کو چاہیے کہ وہ جدید ذہن کے سوالات کو محض گمراہی سے تعبیر کرنے کے بجائے ان کا سامنا کرے؛ اسی طرح جدید ذہن کو بھی چاہیے کہ وہ مذہب کی تہذیبی روح کو صرف روایت کا بوجھ سمجھ کر رد نہ کر دے۔ گفتگو، مکالمہ اور مباحثہ ان دو انتہاؤں کے بیچ وہ پُل ہے جو آج کے ذہنی انتشار میں نظر نہیں آتا۔

یہ نشست کسی فتح یا شکست کی نمائندگی نہیں کرتی؛ یہ کسی ایک نظریے کی اٹل برتری کا اعلان بھی نہیں ہوگا؛ اور نہ یہ دعویٰ ہے کہ اس نشست کے بعد کوئی بڑا فکری انقلاب برپا ہو جائے گا۔ اس کی اصل اہمیت صرف اتنی ہے کہ علمی ماحول میں گفتگو کا دروازہ کھل رہا ہے۔ اور کسی بھی معاشرے میں فکری صحت کا پہلا اشارہ یہی ہوتا ہے کہ لوگ اختلاف کے باوجود ایک میز پر بکریم علمی گفتگو اور فکری تبادلۂ خیال کے لیے بیٹھنے کو تیار ہوں۔

8299892440

